© rasailojaraid.com

چار روپے۔ صفحات ۴۱۶۔ ہندوستان میں ترسیلِ زر کا پتہ۔ جناب صوفی صابر حسن فاروقی۔ مکان نمبر ۱۸۶۵ گلی پتّے والی محلہ سوئیوالان دہلی ؎

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ پاک پر عربی میں جو ذخیرۂ کتب موجود ہے اس میں علامہ قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ کی فاضلانہ تصنیف کتاب الشفاء بتعریف حقوق المصطفےٰ ایک خاص اہمیت کی حامل ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب نسیم العطاء اسی کا اردو ترجمہ ہے جسے مفتی غلام معین الدین صاحب نعیمی نے بڑی محنت اور کاوش سے کیا ہے۔ ترجمہ کافی حد تک شستہ اور رواں ہے۔ البتہ کہیں کہیں عربی محاورات کو جب اردو میں جوں کا توں منتقل کرنے کی کوشش کی گئی تو وہ ذوق پر کچھ گراں سے محسوس ہوتے۔

کتاب کی ترتیب، طباعت اور کتابت بہت زیادہ توجہ کی محتاج ہے۔ اتنی بڑی تصنیف کا مضامین کی فہرست کے بغیر شائع کرنا ایک قاری کو مشکل میں ڈالنا ہے۔ کتابت ناقص ہے اور طباعت اتنی خراب کہ بعض صفحات پڑھے تک نہیں جاتے۔ تبصرہ نگار کے نزدیک شاید یہ نقائص اس وجہ سے رہ گئے ہیں کہ ارا کینِ ادارہ کا مقصد اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت ہے اسی وجہ سے اتنی ضخیم کتاب کی قیمت چار روپے رکھی گئی ہے لیکن ہمارا یہ خیال ہے کہ یہ تصنیف اتنی بلند پایہ ہے کہ اگر اس کو بہتر معیار پر شائع کر کے اس کی قیمت میں کچھ اضافہ بھی کر دیا جائے تو وہ سیرت کے شیدائیوں پر بالکل بار نہ ہوگا اور وہ اسے ہنسی خوشی برداشت کریں گے۔

امام احمد بن حنبلؒ | تالیف مولانا نصر اللہ خاں عزیز۔ طابع و ناشر: مکتبہ تعمیرِ انسانیت موچی دروازہ لاہور۔ صفحات ۱۱۲۔ قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے۔

زیرِ تبصرہ کتاب ملک کے مشہور صاحبِ علم اور صحافی مولانا نصر اللہ خاں عزیز نے امام احمد بن حنبلؒ کے حالاتِ زندگی قلمبند کیے ہیں۔ فاضل مصنّف نے امام صاحبؒ سے اپنی محبت کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"انہوں نے کتاب و سنت کی ٹھیٹ پیروی کا مسلک دنیا کے سامنے پیش کیا

© rasailojaraid.com